
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں میں کہانی کی کتاب کھو کر پایا تقسیم کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ابھی کتاب نہ کھولیں۔ بچوں سے کہانی کے ٹائٹل کے حوالے سے بات کریں۔ بچوں سے پوچھیں انہیں ٹائٹل پڑھ کر کیا سمجھ میں آیا؟ یہ کہانی کس چیز کے بارے میں ہوسکتی ہے۔ بچے اگر نہ بتا سکیں تو کتاب کے ٹائٹل کی مزید وضاحت کریں۔ کلاس کے ہر بچے کو بات کرنے کا موقع دیں۔

20 منٹ
- کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کی پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی کیسی لگی۔ کہانی سن کر انہیں مزہ آیا یا نہیں۔ بچوں کی توجہ کہانی کے صفحہ 8 - 7 کی طرف دلائیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کس کس کے ساتھ گھر میں ایسا ہوتا ہے۔
  - اگر وہ اپنی چیز کہیں رکھ کر بھول جائیں اور انہیں تلاش کرتے ہوئے دوسری کھوئی ہوئی چیزیں مل جائیں تو انہیں کیا محسوس ہوتا ہے۔
  - بچوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔

10 منٹ
- بچوں کے ساتھ مل کر کہانی کے مشکل الفاظ کی فہرست بنوائیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔

مصروف، پچھلے، بازیاں، اہم، تسبیح، حشر، حقہ، درمیان، اسٹرائیکر، امپائرنگ

## ہوم ورک

5 منٹ
- کہانی پڑھیں۔ اپنے گھر کے کسی ایک کمرے میں موجود چیزوں کی فہرست بنائیں۔

# سیشن 2

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ گھر سے جو فہرست وہ بنا کر لائے ہیں اسے نکالیں۔ فہرست اور نیچے دئے گئے الفاظ کی مدد سے گھر کے کسی ایک کمرے کے بارے میں 8 - 6 جملے لکھیں۔

درمیان میں، کونے میں، اوپر، نیچے، دائیں بائیں، آگے، پیچھے، سامنے

- کوشش کریں کہ بچے یہ کام مقررہ وقت میں مکمل کرلیں۔ وہ بچے جو یہ کام وقت پر مکمل کرلیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ

- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے مضامین پڑھ کر سنائیں۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- جس کمرے کے بارے میں لکھائی کا کام کیا ہے اس کمرے کی تصویر بنائیں۔ کمرے میں موجود جن چیزوں کے بارے میں انہوں نے کوپی میں نہیں لکھا ہے وہ تصویر میں ضرور دکھائیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کتاب سے پڑھائی کروائیں۔

30 منٹ • خود کہانی پڑھ کر سنائیں اور بچوں کی توجہ گھر میں استعمال ہونے والی اشیاء کی طرف دلائیں۔ بچوں کی مدد سے ایسی چیزوں کی فہرست بورڈ پر ترتیب دیں۔ فہرست بناتے ہوئے ان چیزوں کے نام بچوں سے انگریزی میں بھی پوچھیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں اتاریں۔

| اردو | English |
|---|---|
| کرسی | chair |
| الماری | cupboard |
| دراز | drawer |
| پلنگ | bed |
| تکیہ | pillow |
| قالین | carpet |
| دیگچی | pan |

| اردو | English |
|---|---|
| صوفہ | sofa |
| چھتری | umbrella |
| کوڑے دان | dustbin |
| کپڑے | clothes |
| گیند | ball |
| کتاب | book |
| جوتے | shoes |

## ہوم ورک

5 منٹ • کلاس میں لکھوائی گئی فہرست سے املا کی تیاری کریں۔ کسی 5 الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

# سیشن 4

20 منٹ

- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے جو جملے لکھ کر لائے ہیں وہ پڑھ کر سنائیں۔ کلاس کے بچوں سے کہیں کہ اگر انہیں ان جملوں میں کہیں کوئی غلطی محسوس ہو تو وہ اس کی اصلاح کریں۔
  - اس موقع پر کلاس میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں اور یہ بھی کوشش کریں کہ بچے ایک دوسرے پر بے جا تنقید نہ کریں بلکہ اصلاح کے کام سے ایک دوسرے سے سیکھیں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔ فہرست میں سے 5 الفاظ کا املا کروائیں۔

10 منٹ

- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- اپنی کسی قیمتی یا اہم چیز کھونے اور اسے تلاش کرنے پر مضمون لکھیں۔ کس کس نے ان کی مدد کی۔ کھوئی ہوئی چیز مل جانے پر ان کے کیا تاثرات تھے۔

# سیشن 5

10 منٹ • کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی میں سے پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے درج ذیل سوالات زبانی کریں۔

**سوالات**

1 اتوار کے دن آمنہ اور عامر کے گھر کیا پکا تھا اور کیوں؟
2 اس اتوار کی بازی کیوں اہم تھی؟
3 اسٹرائیکر کی تلاش کے دوران کس کس کو کیا ملا۔ کہاں سے ملا۔ ترتیب وار لکھیے۔
4 آپ کے خیال میں اسٹرائیکر کیسے گم ہو گیا تھا۔

20 منٹ • سوالات بورڈ پر لکھیں۔ بچے سوال اور ان کے جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔

# کھو کر پایا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk